© rasailojaraid.com

| | | |
|---|---|---|
| **نام کتاب** | : | **خواتین کے حقوق** |
| | | **اسلام اور عالمی قوانین کی روشنی میں (تقابلی مطالعہ)** |
| **مصنفہ** | : | **پروفیسر ڈاکٹر فرحت عظیم** |
| **مطبع ناشر** | : | **مکتبہ یادگار شیخ الاسلام پاکستان علامہ شبیر احمد عثمانیؒ ۲۰۰۵ء** |
| **قیمت وصفحات** | : | **قیمت وصفحات: ۲۰۰ روپے ۳۶۴ صفحات** |

ڈاکٹر صاحبہ پچھلے ۱۸ سالوں سے پولیٹکل سائنس کی درس وتدریس سے وابستہ ہیں اس کے ساتھ صاحب قلم بھی ہیں آپ کے مضامین قارئین اس مجلّہ میں متعدد مرتبہ مطالعہ کر چکے ہیں اور ہماری کانفرنسوں میں محترمہ کا خطاب بھی سن چکے ہیں قول وفعل میں یکسانیت اور مذہبی امور میں صحیح احساسات آپ کا خاصہ ہے یہ کتاب انہی احساسات کی ترجمان ہے۔

کتاب نو ابواب پر مشتمل ہے پہلے باب میں مرد وخواتین کے مقام کو بیان کرنے کے ساتھ عہد نبوی میں خواتین کی سماجی ودفاعی خدمات کو بیان کیا گیا ہے دوسرے باب میں طبقہ صحابہ اور عالم اسلام کی نامور خواتین کے حالات بیان کئے ہیں۔ تیسرے باب میں نامور مسلم خواتین کی علمی وسیاسی خدمات کو اجاگر کیا گیا ہے۔ چوتھے باب میں غیر مسلم مذاہب اور ان کی تہذیبوں میں خواتین کے ساتھ جو ذلت آمیز سلوک کیا جاتا رہا ہے اسے بیان کیا ہے عربی زبان کا محاورہ ہے تعرف الاشیاء باضدادھا یعنی ہر شے کی خوبی اس کی ضد کے ذریعہ نمایاں ہوتی ہے اس تقابلی مطالعہ سے اسلام کے عطا کردہ شاندار مقام وحدود کی بخوبی وضاحت ہوتی ہے پانچویں باب میں خواتین کے سیاسی حقوق کا تاریخی جائزہ لیا گیا ہے کہ کب کس ملک میں خواتین کو حقوق ملے چھٹے باب میں پاکستان میں خواتین کے حقوق کا تفصیلی جائزہ پیش کیا گیا ہے۔

ساتواں باب اسلام میں سیاسی حقوق کے حوالہ سے آٹھواں باب اسلام مغرب اور خواتین کے حوالہ سے ہے آخری باب میں مسلم خواتین کیلئے عہد حاضر کے چیلنجز اور لائحہ عمل کی نشاندہی کی گئی ہے اس کتاب کا ہر صاحب علم کو مطالعہ کرنا چاہیئے بالخصوص خواتین کو۔

© rasailojaraid.com